سالانہ امتحان | **اردو نصاب** | **2015-16**

حصہ الف (غیر انتخابی سوالات)

سوال نمبر 1 مندرجہ ذیل میں سے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(۱) نظم شنگھائی کس نے لکھی ہے؟

(ا) خاطر غزنوی (ب) شان یون (ج) ابن انشاء (د) مرزا غالب

(۲) مرزا غالب نے تفضل حسین سے کیا چیز مستعار مانگی؟

(ا) اپنا مطبوعہ کلام (ب) چند سو روپے (ج) اپنے خط (د) ماہانہ وظیفہ

(۳) کانگریس کی بنیاد کس سن میں رکھی گئی؟

(ا) 1906ء (ب) 1923ء (ج) 1890ء (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۴) لفظ "تجربہ" کا صفت نسبتی بتائیے۔

(ا) تجربی (ب) تجارب (ج) تجربہ گاہ (د) تجرباتی

(۵) سومناتھ کے مندر سے گنگا کتنے فاصلے پر تھا؟

(ا) 3 سو کوس (ب) 5 سو کوس (ج) 6 سو کوس (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۶) ہبار بن الاسود فتح مکہ کے موقع پر کہاں فرار ہونا چاہتا تھا؟

(ا) ایران (ب) ہندوستان (ج) عراق (د) نامعلوم مقام پر

(۷) میاں یار محمد سلطنت مغلیہ میں کس حیثیت سے کام کرتے رہے؟

(ا) [illegible] (ب) قاضی شہر (ج) حکمران (د) ناظم

(۸) بادشاہ اورنگ زیب کس کا بیٹا تھا؟

(ا) ہمایوں (ب) بہادر شاہ ظفر (ج) جہاں زیب (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۹) غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں؟

(ا) مطلع (ب) حاصل غزل (ج) مقطع (د) ردیف

(۱۰) لفظ قیود کی واحد بتائیے۔

(ا) قاعدہ (ب) قد (ج) قید (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۱۱) نظم صحرا کی دعا کس نے تحریر کی ہے؟

(ا) علامہ اقبال (ب) مرزا غالب (ج) حفیظ جالندھری (د) ناصر کاظمی

(۱۲) مشہور شاعر مرزا غالب کو پیار سے کیا کہتے تھے؟

(ا) غالب (ب) نجم الدولہ (ج) مرزا نوشہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۱۳) داؤد کی بہو کا نام کیا تھا؟

(ا) کلثوم زمانی بیگم (ب) شمیم بیگم (ج) غزالہ شاہد (د) سلطان توصیف

(۱۴) کورالی گاؤں میں شاہی خاندان کی مدد کس نے کی؟

(ا) میر فیض علی (ب) زمیندار (ج) کوئل کے نواب نے (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۱۵) زبیر کو پھانسی پر کس نے چڑھایا؟

(ا) جلاد نے (ب) عبداللہ نے (ج) قاضی یحییٰ نے (د) ان میں سے کوئی نہیں